# طـــریقـــہ کار

## تصدیق اسناد جاری کردہ جامعہ الدراسات الاسلامیہ کراچی

## پہلا مرحلہ: جامعہ کے دفتر امتحانات سے تصدیق

جامعہ الدراسات الاسلامیہ کی سند عالمیہ کے حاملین اگر ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد (HEC) سے معادلہ کا سرٹیفکیٹ حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھ لیں۔

1. امیدوار کے پاس جامعہ الدراسات الاسلامیہ سے جاری کردہ چاروں اسناد: ثانویہ عامہ، ثانویہ خاصہ، عالیہ، عالمیہ اور ان اسناد کے رزلٹ کارڈ موجود ہوں۔
2. تمام اسناد: ثانویہ عامہ، ثانویہ خاصہ، عالیہ اور عالمیہ کے درمیان کم از کم دو سال کی مدت ہونی چاہیے۔
3. ہر ایک سند اور رزلٹ کارڈ کی 2،2 فوٹو کاپیاں کروائیں۔
4. امیدوار اپنے ذاتی شناختی کارڈ کی دو عدد فوٹو کاپی ساتھ لف کرے۔
5. پھر ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد کا تجویز کردہ معادلہ فارم E:02 برائے دینی اسناد (ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد یا جامعہ الدراسات الاسلامیہ کی ویب سائٹ hec.gov.pk/www.aldirasat.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ کرکے مکمل پُر کرلیں۔
6. معادلہ فارم پُر کرنے کے بعد فارم اپنے جامعہ (دفتر امتحانات) سے تصدیق کروائیں۔
7. جب کاغذات مکمل ہو جائیں تو پھر اچھی طرح چیک کرلیں کہ تمام اسناد اور رزلٹ کارڈز پر نام، ولدیت اور تاریخ پیدائش شناختی کارڈ کے مطابق ہے یا نہیں؟ اگر کسی جگہ کوئی بھی فرق ہو تو پہلے دفتر کے نمبر پر فون کرکے معلومات حاصل کریں اور تمام کاغذات درست کروائیں پھر تصدیق کا کام شروع کریں۔

❖ **فیس شیڈول:**

- نارمل تصدیق اسناد: کی فیس بمع ڈاک خرچ (2000) روپے ہے۔
- ارجنٹ تصدیق اسناد: کی فیس بمع ڈاک خرچ (3000) روپے ہے۔ اس کا دورانیہ (08) سے (10) دن ہوتا ہے۔
- فیس درج ذیل اکاؤنٹ بنام: **جان محمد** 00300110990780 (میزان بینک) پر ارسال کریں اور اصل رسید یا فوٹو کاپی کاغذات کے ساتھ لف کریں اور دیئے گئے نمبر پر واٹس ایپ کریں۔

پوسٹل ایڈریس: مفتی جان محمد ناظم امتحانات، جامعہ الدراسات الاسلامیہ گلشن اقبال بلاک 7 کراچی (021-34994982) / (0333-2762196)

## دوسرا مرحلہ: دفتر انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین (IBCC) دفتر سے تصدیق

IBCC کے دفتر ارسال کرنے والے مطلوبہ کاغذات:

- (IBCC) سے تصدیق اسناد کے لیے تصدیقی پورٹل (Portal) میں دفتر امتحانات امیدوار کی تصدیقی معلومات اپ لوڈ کرے گا، جس کے نتیجے میں امیدوار کے E:MAIL پر ایک کوڈ موصول ہوگا۔ جس کے تحت امیدوار (IBCC) کی ویب سائٹ پر آن لائن اپلائی کرے گا۔
- امیدوار اپنے شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی (17 گریڈ) کے کسی بھی آفیسر سے تصدیق کروا کے ساتھ لف کرے۔
- تصدیق کا چالان فارم (IBCC) کی ویب سائٹ ibcc.edu.pk سے ڈاؤن لوڈ کریں، متعلقہ بینک میں فیس جمع کروائیں اور بینک رسید کی کاپی ساتھ لف کریں۔
- (IBCC) کا تصدیق فارم (IBCC) کی ویب سائٹ سے آن لائن مکمل پُر کریں پھر ڈاؤن لوڈ کرکے ساتھ لف کریں۔

**نوٹ:ڈیٹافارم برائے(IBCC)جامعہ الدراسات الاسلامیہ کی ویب سائٹaldirasat.edu.pkسے حاصل کیا جاسکتا ہے۔**

❖ دفتر امتحانات سے کام مکمل ہونے کے بعد عامہ اور خاصہ کی اسناد(IBCC)کے دفتر سے تصدیق کروائیں جس کا طریقہ کار درج ذیل ہے:

- سب سے پہلے دفتر انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئر مین(IBCC)کی ویب سائٹibcc.edu.pkپر جائیں۔وہاں آپ کو دو آپشن ملیں گے۔

BY-HAND BY-POST

- آپ خود (IBCC) کے دفتر جانا چاہتے ہیں تو (BY HAND) والے آپشن کو سلیکٹ کریں۔ آن لائن اپائنٹمنٹ لینے کے لیے اس لنک https://attest.ibcc.edu.pk/?action=loginپر جا کر اپنا اکاؤنٹ بنائیں پھر (login) کر کے اپائنٹمنٹ لیں۔ آپ کو اپائنٹمنٹ کا جو وقت اور تاریخ دی جائے اس کے مطابق اپنے مطلوبہ کاغذات لے کر(IBCC)کے دفتر جائیں اور فیس بھی(IBCC)کے دفتر ہی جمع کروائیں۔
- اگر آپ اپنا کام بذریعہ(TCS)کروانا چاہتے ہیں تو(BY POST)والے آپشن کو سلیکٹ کریں اور مطلوبہ کاغذات ارسال کریں جن کی تفصیل اوپر گزر چکی ہے۔

📍 (IBCC)کراچی کا پوسٹل ایڈریس:پلاٹ ST-2 نیشنل اسٹیڈیم روڈ،بالمقابل لیاقت نیشنل اسپتال،کراچی:(021) 99230583

## تیسرا مرحلہ:ہائرایجوکیشن کمیشن(H.E.C)اسلام آباد سے تصدیق:

جب آپ کو(IBCC)کے دفتر سے عامہ اور خاصہ کی اسناد تصدیق ہو کر مل جائیں تو پھر عامہ،خاصہ،عالیہ اور عالمیہ کی تمام اسناد اور بقیہ تمام کاغذات جو ناظم امتحانات،جامعہ الدراسات الاسلامیہ سے ملے ہیں اور(H.E.C)کے چالان فارم E:02 کے ذریعے فیس بینک میں جمع کرواکے بینک کی رسید اور درج ذیل کاغذات بذریعہ TCS کے HEC کے دفتر ارسال کریں۔اگر ہائر ایجوکیشن کمیشن اسلام آباد کے دفتر خود جانا ہو تو درج ذیل کاغذات مکمل کر کے ساتھ لے جائیں اور فیس(H.E.C)کے دفتر جمع کروائیں۔

❖ (H.E.C)دفتر ارسال کرنے والے مطلوبہ کاغذات:

1. اصل اسناد:عامہ،خاصہ،عالیہ اور عالمیہ۔
2. اصل رزلٹ کارڈ:عامہ،خاصہ،عالیہ اور عالمیہ۔
3. ناظم امتحانات،جامعہ الدراسات الاسلامیہ سے تصدیق شدہ اسناد اور رزلٹ کارڈ کی فوٹو کاپیاں۔
4. امیدوار کے ذاتی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی۔
5. (H.E.C)کا معادلہ فارم E:02 برائے دینی اسناد جو ناظم امتحانات،جامعہ الدراسات الاسلامیہ سے تصدیق شدہ ہو۔
6. عالمیہ گزٹ لسٹ کی کاپی(جو کہ جامعہ کی طرف سے طلب کرنے پر جاری کی جاتی ہے)۔
7. جامعہ الدراسات الاسلامیہ کا جاری کردہ تصدیق نامہ۔

**یہ تمام کاغذات اور(H.E.C)کے چالان فارم کی بینک والی رسید لے کر تمام کاغذات بذریعہ TCS کے HEC کے دفتر ارسال کریں۔**

📍 **(H.E.C)ہائرایجوکیشن کمیشن اسلام آباد کا پوسٹل ایڈریس:**

**دفتر ہائرایجوکیشن کمیشن(H.E.C):اسسٹنٹ ڈائریکٹر دینی اسناد،ڈگری ویریفیکیشن اینڈ اٹیسٹیشن ڈویژن،ہائرایجوکیشن کمیشن،سیکٹر(H-9)،اسلام آباد:051-90400913**

❖ **دفتری اوقات کار جامعہ:پیر تا ہفتہ(صبح 09:00 سے نماز ظہر تک)جمعہ(صبح 09:00 سے گیارہ بجے تک)اتوار کو دفتر بند رہتا ہے۔**

❖ **مزید معلومات کے لیے جامعہ الدراسات الاسلامیہ کے درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں:(021-34994982) / (0333-2762196)**

**اللہ تعالیٰ آپ کا حامی وناصر ہو(آمین)**